NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor David C. Banks

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

تعلیمی سال 2024-2025 کے لیے 3K، پری کنڈرگارٹن اور کنڈرگارٹن میں درخواست دیں!

عزیزی نیو یارک کے مکین،

یہ 2024 کا پہلا مہینہ ہے لیکن ہم ابھی سے ستمبر اور اگلے تعلیمی سال کے آغاز کے بارے میں سوچ رہے ہیں جب ہم تقریباً 150,000 3K، پری کنڈرگارٹن اور کنڈرگارٹن طلبا کا اپنے کلاس رومز میں استقبال کریں گے۔

وہ خاندان جن کے طلبا اس سال تین، چار، یا پانچ سال کے ہورہے ہیں، آپکے پاس وسیع درجے کے انتخابات موجود ہیں۔ کنڈرگارٹن کی مثال لیں۔ ہر ضلع میں قابل اور ہنرمند کنڈرگارٹن پروگراموں سے لے کر 12 مختلف زبانوں میں دوہری زبان کے پروگراموں تک، چھان بین کرنے کے لیے متعدد مواقع موجود ہیں۔ اس ستمبر میں، ہم عربی، مینڈرین اور ہسپانوی میں دوہری زبان پروگراموں والے نئے الیمنٹری اسکول اور ہمارا سب سے پہلا مونٹیسری ضلع پبلک اسکول کھول رہے ہیں۔ آپ ہماری ویب سائٹ پر ان کنڈر گارٹن انتخابات کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں۔

ہمارا 3K اور پری کنڈرگارٹن پورٹ فولیو بھی اتنا ہی شاندار ہے۔ ہم ضلع اسکولوں، برادری پر مبنی تنظیموں، فیملی چائلڈ کیئر مراکز اور مزید میں پروگرامز فراہم کرتے ہیں۔ پری کنڈر گارٹن 12 زبانوں میں دوہری زبان کے پروگرام بھی پیش کرتا ہے، اور اہل خاندانوں کو توسیعی دن اور سال بھر 3K اور پری کنڈر گارٹن پروگرامنگ کا انتخاب حاصل ہے۔

این وائی سی پبلک اسکولز میں ہم انتخاب کی قدر کرتے ہیں— اسی لیے خاندان اپنی درخواست پر 12 تک پروگرام درج کرسکتے ہیں۔ چونکہ ہم آپکے بچے کو آپکی اونچی ترجیح سے میچ کرنے کی پوری کوشش کرتے ہیں، یہ یقینی بنانا اہم ہے کہ

آپکے پروگراموں کی فہرست کی ترتیب آپکی ترجیحات کے مطابق ہو۔ عام طور پر، ہمارے تقریباً 95% کنڈر گارٹن درخواست دہندگان کو انکے تین اونچے ترین درج کردہ پروگراموں میں سے ایک میں رکھا جاتا ہے۔

یہ وقت آنے والے تعلیمی سال کے لیے تیاری شروع کرنے کا ہے۔ ہمارے ان خاندانوں کے لیے جن کے طلبا 3K، پری کنڈرگارٹن اور کنڈرگارٹن میں داخل ہورہے ہیں، میں آپکی ہماری ویب سائٹ پر درخواست دینے کے طریقہ کار کا جائزہ لینے کی حوصلہ افزائی کرونگا۔ تعلیمی سال 2024-2025 کے لیے کنڈرگارٹن درخواستوں کی آخری تاریخ 19 جنوری ہے اور 3K اور پری کنڈر گارٹن کی درخواستیں ابھی اس ہفتے کھلی ہیں۔ (اگر آپکو اپنے بچے کے لیے اس بقایا تعلیمی سال کے لیے ایک نشست درکار ہے تو ہماری ویب سائٹ پر جائیں یا مدد کے لیے خاندانی استقبالیہ مرکز سے رابطہ کریں۔)

ہم آپکے بچوں کو اس خزاں میں اپنے اسکول میں خوش آمدید کہنے کے متمنی ہیں۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:

NYCPS کی تازہ ترین خبروں کے لیے ہمیں آن لائن X، فیس بُک اور انسٹا گرام پر فالو کریں۔

اور یہاں میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہ مہربانی یہاں کلک کریں۔

ترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے: "CC" کے آئیکان پر کلک کریں۔ "Settings" آئیکان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC" منتخب کریں۔ "Auto Translate" منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔

NYCPS خاندان: اگر آپ مزید PS+You خبرنامہ موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔